اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ

جمیل عثمان

اپنی تہذیب کو مت بھلاؤ
اس کو سینے سے اپنے لگاؤ
بات میری سنو اور سناؤ
اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ

ہے یہ اردو زباں کتنی پیاری
کیسی شیریں زباں ہے ہماری
اس کو سینے سے اپنے لگاؤ
اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ

اردو پہچان ہے ہم سبھوں کی
یہ نہیں تو رہیں گے نہ ہم بھی
دیکھو ڈوبے کبھی نا یہ ناؤ
اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ

ہر تعصب سے ہو جاؤ عاری
اس کی کرتے رہو آبیاری
گل نئے اس میں ہر سو کھلاؤ
اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ

اپنی پوری کرو ذمہ داری
بوجھ اتنا نہیں ہے یہ بھاری
صدق دل سے اسے تم اٹھاؤ
اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ

اردو کی شمع روشن کرو تم
یہ کہو سب سے "اردو پڑھو تم"
بجھنے دو مت کبھی یہ الاؤ
اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ

کردو فرمان تازہ یہ جاری
اردو ہی زندگی ہے ہماری
زندگی کو اب اپنی بچاؤ
اپنے بچوں کو اردو پڑھاؤ